سوال

(72)اللہ کی خاطر روزہ رکھنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

میں نے ایک دن اللہ کی خاطر روزہ رکھا مگر بھول کر صبح کے وقت کچھ کھا پی لیا لیکن یاد آنے پر میں نے روزہ کو مکمل کر لیا۔ کیا میرے ذمے کوئی گناہ ہے اور مجھے کیا کرنا چاہیے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جو شخص روزے کی حالت میں بھول کر کھا پی لے تو اس کو اپنا روزہ مکمل کرنا چاہیے۔ کیونکہ اس کو اللہ ہی نے کھلایا اور پلایا ہے جیسا کہ حدیث پاک میں وارد ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خطا اور بھول جانے کو معاف فرما دیا اور مواخذہ صرف اسی صورت میں ہو گا جب کہ جان بوجھ کر کھایا پیا جائے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ:130

محدث فتویٰ